سوال

(579) سنن فطرت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا امام بخاری کا امام مسلم سے سنن فطرت والی حدیث میں اختلاف ہے ؟ امام مسلم ۱۰ والی حدیث روایت کرتے ہیں اور امام بخاری ۵ والی! کیا امام بخاری سے ۱۰ کی تصدیق ثابت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان روایات میں سنن فطرت کی تحدید نہیں ہے ، بلکہ مختلف عددوں کا بیان ہے ،بخاری ہی کی ایک روایت میں ایک ، دوسری میں تین اور تیسری میں پانچ سنن کا تذکرہ موجود ہے ، اسی طرح صحیح مسلم میں بھی ایک روایت میں پانچ اور دوسری میں دس کا تذکرہ ہے ۔ تو یہ مختلف رویات میں مختلف عدد کا ذکر ہے ۔ حافظ ابن حجر امام ابن العربی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں کہ تمام روایات کہ اکٹھا کرنے سے ان سنن فطرت کی تعداد تیس تک جا پہنچتی ہے ۔ لہذا اس سے امام بخاری اور امام مسلم کے درمیان اختلاف ثابت کرنا درست نہیں ہے ۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1